**22.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا میں جاری تنازع کے تناظر میں توانائی، بجلی اور کھادوں کے شعبوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ حکومت نے پھر یقین دلایا ہے کہ ملک میں ضروری ایندھن کی کوئی کمی نہیں ہے۔ سرکار نے PNG کنکشن کو فروغ دینے پر زور دیا۔

☆ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نتن یاہو نے عالمی رہنماؤں سے ایران کے خلاف لڑائی میں اسرائیل اور امریکہ کا ساتھ دینے کی اپیل کی ہے۔ ایران نے کہا ہے کہ جنوبی اسرائیل پر میزائل حملے اُس کے Natanz جوہری مرکز پر حملے کے جواب میں کیے گئے۔

☆ جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے کہا ہے کہ نل کے پانی کے کنکشنز، 15 کروڑ سے زیادہ دیہی کنبوں تک پہنچ چکے ہیں، جس سے صحت اور معیارِ زندگی میں بہتری آئی ہے۔

☆ آسام، کیرلم اور پڈوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل، کل ختم ہورہاہے۔

☆ پاکستان، ہلاکتوں میں 6فیصد کے اضافے کے ساتھ عالمی دہشت گردی کے اشاریے میں پہلے مقام پر ہے۔

☆ اور اسکویش میں ممبئی میں انڈین اوپن میں دفاعی چیمپئن اناہت سنگھ نے خواتین سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ ابھے سنگھ نے مردوں کے سنگلز کا خطاب جیتا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM West Asia Meeting**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں مغربی ایشیا کی ابتر ہوتی صورتحال کے پیش نظر پیٹرولیم، خام تیل، گیس، توانائی اور کھاد کے شعبوں میں صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ یہ میٹنگ، جو نئی دلّی میں منعقد ہوئی، اس میں ملک بھر میں بلارکاوٹ سپلائی، پائیدار Logistics اور خوش اسلوبی کے ساتھ نظام تقسیم پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس میٹنگ میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جےئے شنکر، وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ

پوری، کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل، کیمیکلز اور کھاد کے وزیر جے پی نڈّا، شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو، وزیر توانائی منوہر لال اور اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو شامل تھے۔x

## Govt. West Asia

حکومت نے پھر یقین دلایا ہے کہ ملک بھر میں ضروری ایندھن کی کوئی کمی نہیں ہے، کیونکہ آئل ریفائنریز پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں نیز پٹرول اور ڈیزل کے وافر ذخائر دستیاب ہیں۔ خردہ دکانوں پر بھی کسی قسم کی قلت کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Aman**

حکومت نے ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات اور LPG کی مستحکم دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ گھریلو LPG سلنڈرز کی فراہمی معمول کے مطابق ہے اور گھبراہٹ میں بکنگ کم ہو گئی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ریاستوں کو کمرشیل LPG کی فراہمی میں اضافہ کیا گیا ہے، جس میں تعلیمی اداروں اور اسپتالوں جیسے اہم شعبوں کو ترجیح دی جا رہی ہے اور PNG کنکشن کے فروغ پر بھی کام جاری ہے۔ ریاستوں کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ گھریلو اور تجارتی صارفین کیلئے نئے PNG کنکشن کی سہولت فراہم کریں۔ وزارت نے بتایا کہ LPG کی ذخیرہ اندوزی اور کالا بازاری کی روک تھام کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

دوسری جانب بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت نے کہا کہ وہ سمندر میں جہازوں کی آمد و رفت، بندرگاہوں کی سرگرمیوں اور بھارتی ملاحوں کی حفاظت پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے تاکہ سمندری تجارت کا سلسلہ برقرار رہے۔ بیان میں مزید بتایا گیا کہ اب تک 547 سے زیادہ بھارتی ملاحوں کو بحفاظت وطن واپس لایا جا چکا ہے، جن میں سے 13 ملاح گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران واپس آئے ہیں۔

وزارتِ خارجہ نے کہا کہ وہ خلیج اور مغربی ایشیا خطے میں پیش آنے والے حالات و واقعات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، خاص طور پر بھارتی شہریوں کی سلامتی اور فلاح و بہبود پر بھر پور توجہ دی جا رہی ہے۔

امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## PM Modi Head of Govt

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی منتخبہ حکومت میں سب سے طویل عرصے تک بطور سربراہ خدمات انجام دے کر بھارتی سیاست میں ایک تاریخی سنگ میل طے کیا ہے۔ اس طرح جناب مودی نے Pawan Kumar Chamling سے سبقت حاصل کرلی ہے۔ جو 8ہزار 930دنوں تک سکم کے وزیر اعلیٰ کے طور پر اپنے عہدے پر فائز رہے۔ جناب مودی نے حکومت کے سربراہ کے طور پر 8ہزار 931دن مکمل کرلیے ہیں، جن میں گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر ان کی میعاد اور بطور وزیر اعظم ان کی مدتِ کار شامل ہے۔ اس طرح وہ اپنی قیادت

کے25ویں برس میں داخل ہورہے ہیں۔ اسے ایک بے مثال اور اہم ترین حصولیابی کے طور پر دیکھا جارہا ہے، جس سے کئی دہائیوں پر محیط بلا رکاوٹ عوامی خدمات اور اعلیٰ درجے کی سیاسی قیادت کی عکاسی ہوتی ہے۔

اپنے پورے کیریئر میں جناب مودی نے کئی قابل قدر ریکارڈز قائم کیے جن میں گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر سب سے طویل عرصے تک فائز رہنا اور وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے سابقہ تجربات کے ساتھ سب سے طویل عرصے تک وزیر اعظم کے عہدے پر فائز رہنا بھی شامل ہے۔x

## VP Naturopathy

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا کہ یوگ اور آیوروید جیسے ملک کے روایتی علاج کے طریقۂ کار نے عالمی پیمانے پر شناخت حاصل کی ہے اور اِنھیں ثانوی نہ سمجھا جائے کیونکہ یہ دونوں جسمانی اور ذہنی صحت کو فروغ دیتے ہیں۔ نائب صدر جمہوریہ مہاراشٹر میں پُنے کے نزدیک Uruli Kanchan میں نیچروپیتھی گرام سُدھار ٹرسٹ کے ذریعے چلائے جانے والے نیچروپیتھی آشرم کے 81ویں یومِ تاسیس کی تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔ نائب صدر جمہوریہ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ قدرتی طرزِ زندگی اپنائیں اور فطرت سے قریب رہیں۔x

## West Asia Conflict Update

اسرائیل کے وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو نے آج عالمی رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ ایران کے خلاف لڑائی میں اسرائیل اور امریکہ کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ میزائل حملوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران ایک وسیع عالمی خطرہ بن چکا ہے۔نیتن یاہو کے یہ بیانات اس وقت سامنے آئے جب ایران نے کل جنوبی اسرائیل کے شہروں Arad اور Dimona پر میزائل داغے، جس سے 100سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے اور رہائشی علاقوں کو بھی نقصان پہنچا۔

ایرانی حملے کا نشانہ Dimona کے قریب واقع ایک جوہری مرکز تھا۔ اسرائیل کے وزیرِ اعظم نے آج Arad میں حملے کی جگہ کا دورہ کیا۔بعد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ایران پر الزام لگایا کہ اس نے شہری علاقوں اور یروشلم کے اہم مقامات، جن میں مغربی دیوار، Church of the Holy Sepulchre اور مسجد اقصیٰ شامل ہیں، کو نشانہ بنایا۔دوسری جانب ایران نے کہا ہے کہ اس کے حملے اسٹریٹجک مقامات پر تھے اور یہ اس کے Natanz جوہری مرکز پر حملے کے جواب میں کیے گئے، جس کا الزام اس نے امریکہ اور اسرائیل کی مشترکہ کارروائی پر عائد کیا، تاہم اسرائیل نے اس کی تردید کی ہے۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر اس کے بجلی گھروں پر حملہ ہوا تو پورے خطے کے بنیادی ڈھانچے کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔اسی دوران اسرائیل نے رات کے وقت تہران پر حملوں کے ایک نئے سلسلے کا آغاز کیا، جس کے جواب میں ایران نے بھی میزائل سے حملے کیے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا کہ اگر ایرانی بجلی گھروں کو نشانہ بنایا گیا تو مغربی ایشیا میں اہم بنیادی ڈھانچہ اور توانائی کی تنصیبات تباہ ہوسکتی ہیں۔

مزید تفصیل کے ساتھ ہمارے نامہ نگار سے ......

**VC Vinod Kumar**

تہران میں حالات سخت اور کشیدہ ہیں اور دھمکیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے ”Operation True Promise-4“ کے 74ویں سلسلے کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس میں بھاری میزائلوں کے استعمال اور اسرائیل کے فوجی اور سیکیورٹی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے بجلی گھروں پر حملہ کیا گیا تو پورے خطے میں اہم بنیادی ڈھانچے، توانائی کے مراکز اور تیل کی تنصیبات کو جائز ہدف سمجھا جائے گا اور انہیں ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا جائے گا، جس کے نتیجے میں تیل کی قیمتیں طویل عرصے تک کافی زیادہ رہیں گی۔ادھر برطانیہ میں ایران کے سفیر اور بین الاقوامی بحری تنظیم میں مستقل نمائندے نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز، ایران کے دشمنوں کے علاوہ تمام ممالک کیلئے کھلی رہے گی اور ایران کے ساتھ ضروری سیکیورٹی انتظامات کے بعد جہازوں کی محفوظ آمدورفت ممکن ہوگی۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے محمد شہزاد

## Jal Mahotsav CR Patil

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے آج کہا کہ نل کے پانی کے کنکشن 15 کروڑ سے زائد دیہی کنبوں تک پہنچ چکے ہیں، جس سے صحت، معیارِ زندگی اور خواتین کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر موصوف، جل مہوتسو 2026کے اختتامی پروگرام کے تحت منعقدہ، Sujal گرام سمواد کے دوران پانچ ریاستوں کے شرکاء سے ورچوئل طریقے سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ جل مہوتسو، ایک ملک گیر جن بھاگیداری تحریک بن چکا ہے، جس میں کمیونٹی میٹنگز، بیداری مہمات، اسکولی سرگرمیاں اور پانی کے وسائل کی گرام پنچایتوں کو حوالگی شامل ہیں۔ یہ تقریب پانی کے عالمی دن کے موقع پر منعقد کی گئی، جس میں اتراکھنڈ، اڈیشہ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور ہریانہ کی شرکت رہی۔x

## SC Prison Conditions

سپریم کورٹ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ 18 مئی تک جیلوں کی صورتحال سے متعلق تازہ اعداد وشمار جمع کرائیں، جن میں گنجائش اور بھیڑ کم کرنے کیلئے کئے گئے اقدامات شامل ہوں۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل ایک بینچ نے اپنے حالیہ حکم میں خواتین کی جیلوں کی تعداد اور اُس میں دستیاب سہولیات بشمول قیدی خواتین کے ساتھ رہنے والے بچوں کی تعلیم اور فلاح کے اقدامات کی تفصیلات بھی طلب کی ہیں۔ یہ ہدایات سینئر وکیل گورو اگروال کی جانب سے پیش کی گئی سفارشات کے بعد جاری کی گئی ہیں جو جیلوں کی صورتحال پر از خود نوٹس لینے کے معاملے میں رفیقِ عدالت کے طور پر پیش ہوئے تھے۔x

## Jitnedra Singh Meet

عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت جتیندر سنگھ نے آج کہا کہ ملازمین کے نمائندوں کے ساتھ منظم بات چیت، مختلف محکموں میں انتظامی کارکردگی اور بہتر کیریئر کو یقینی بنانے کیلئے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے یہ

بات، نئی دلّی میں سرکاری ملازمین کی تنظیموں، جن میں سرکاری ملازمین قومی کنفیڈریشن اور سینٹرل سیکریٹریٹ گروپ—سی کے ملازمین کی تنظیم شامل ہیں، کے وفود کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ میٹنگ میں کیڈر کی ازسرِ نو تشکیل، عہدے کی ترقی اور سروس کی شرائط سے متعلق امور پر غور و خوض کیا گیا۔ ڈاکٹر سنگھ نے اٹھائے گئے مسائل کے جواب میں وفود کو یقین دلایا کہ ان کے خدشات متعلقہ محکموں کے ساتھ صلاح و مشورے کے بعد زیرِ غور لائے جائیں گے۔x

## Nominations Assembly Pools

آسام، کیرلم اور پڈوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوجائے گا۔ دو ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں اِس مہینے کی 9 تاریخ کو ایک مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پرچۂ نامزدگی کی جانچ، منگل کو کی جائے گی۔ امیدواروں کو اپنا نام واپس لینے کی آخری تاریخ 26 مارچ ہے۔

تمل ناڈو میں 23 اپریل کو ایک مرحلے میں ووٹنگ ہوگی۔ مغربی بنگال میں 23 اور 29 اپریل کو دو مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تمل ناڈو اور مغربی بنگال کے پہلے مرحلے کی ووٹنگ کیلئے نوٹیفکیشن اِس مہینے کی 30 تاریخ کو جاری کیا جائے گا، جبکہ مغربی بنگال میں دوسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے 2 اپریل کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ تمام چار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کیلئے ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔x

## Pradhan Deep Tech Sumit

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے اس بات پر اعتماد ظاہر کیا ہے کہ بھارت نہ صرف اپنی ٹیکنالوجی کی ضروریات پوری کرے گا بلکہ عالمی خطۂ جنوب کی تمام ابھرتی ہوئی معیشتوں کی ضرورتوں کو بھی پورا کرے گا۔ جناب پردھان نے آج IIT بامبے میں منعقدہ دو روزہ ’’بھارت Innovates ڈیپ ٹیک پری سمٹ 2026‘‘ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آنے والی دہائی میں بھارت ڈیپ ٹیک کے شعبے میں قیادت کرے گا۔ انہوں نے اس سمٹ میں پیش کی گئی جدید ترین ٹیکنالوجیز کو سراہا اور کہا کہ یہ سب آئندہ جون میں فرانس میں ہونے والے G-7 سمٹ کے موقع پر ’’بھارت Innovates 2026‘‘ کے عالمی آغاز کا حصہ ہوں گی، جو بھارت—فرانس اختراع کے سال کے تحت منعقد ہوگا۔x

## PAK Terrorism Index

پاکستان پہلی بار عالمی دہشت گردی انڈیکس میں پہلے نمبر پر آ گیا ہے۔ یہ درجہ بندی وہاں گذشتہ برس دہشت گردی سے متعلق ہلاکتوں کے بعد کی گئی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ فار اکنامکس اینڈ پیس IEP کے ذریعے شائع کردہ عالمی دہشت گردی انڈیکس 2026 کے مطابق، پاکستان میں دہشت گردی سے ہونے والی اموات 2013 کے بعد سے اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ ملک میں 2025 کے دوران ایک ہزار ایک سو 39 اموات اور ایک ہزار 45 دہشت گردی کے واقعات درج کئے گئے، جو سکیورٹی کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس جامع

رپورٹ میں 163 ممالک میں دہشت گردی کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔مذکورہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2025 سے پاکستان کے اپنے ہمسایہ ممالک، خاص طور پر افغانستان کے تعلقات اور ملک میں بڑھتا ہوا تشدد، اہم سکیورٹی خطرات کا سبب بن گئے ہیں۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آندھراپردیش، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ کے ساحلی علاقوں اور اتراکھنڈ میں اگلے دو دنوں کے دوران، گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ آندھی طوفان کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش، رائل سیما، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقوں اور سکم میں اِسی طرح کی موسمیاتی صورتحال رہے گی۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کیرلم، ماہے، کونکن اور گوا میں موسم کل گرم اور حبس بھرا رہے گا۔ محکمہ موسمیات نے یہ بھی پیشگوئی کی ہے کہ وسطی بھارت میں اگلے پانچ دنوں کے دوران درجۂ حرات میں بتدریج تین سے پانچ ڈگری سیلسیس اضافہ ہونے کی امید ہے۔x

## Squash

اسکویش میں آج شام ممبئی میں انڈین اوپن میں اعلیٰ درجے کی کھلاڑی اور دفاعی چمپئن اناہت سنگھ نے خواتین سنگلز کا خطاب جیتا، جبکہ ابھے سنگھ نے مردوں کے سنگلز کا خطاب حاصل کیا۔خواتین کے سنگلز کے فائنل میں اناہت سنگھ نے دوسرے درجے کی مصر کی کھلاڑی Hana Moataz کو تین–ایک سے ہرایا۔ ابھے سنگھ نے مردوں کے سنگلز کا خطاب حاصل کیا۔ انہوں نے اپنے ہموطن کھلاڑی Veer Chotrani کو صرف 32 منٹ میں تین–صفر سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆